

غنڈوں و مافیاؤں کا ٹھکانہ بنا جیل: برجیش پاٹھک

بھاجپا امیدوار کی نامزدگی میں شامل ہونے پہنچے نائب وزیراعلیٰ نے اپوزیشن پر کیا حملہ

بہرائچ (ایس این بی) 56 بہرائچ پارلیمانی سیٹ پر نامزدگی کے چھٹے دن بھارتیہ جنتا پارٹی (بھاجپا) کے امیدوار آنند گونڈ نے اپنے تجویز کنندگان کے ساتھ کلکٹریٹ پہنچ کر ضلع الیکشن افسر/ضلع مجسٹریٹ مونیکا رانی کے سامنے اپنا پرچۂ نامزدگی 2 سیٹوں میں پیش کیا۔ ان کے ساتھ بھاجپا کے سابق صدر شیام کرن ٹیکڑیوال، ممبر اسمبلی سریشور سنگھ، سبھاش ترپاٹھی، انوپما جیسوال، رام نواس ورما، ممبر پارلیمنٹ اکشے ور لال گونڈ، ضلع صدر برجیش پانڈے، راہل رائے کے علاوہ دیگر لوگ بھی تھے۔

بہرائچ پارلیمانی سیٹ سے بھاجپا امیدوار آنند گونڈ کی نامزدگی میں پہنچے نائب وزیراعلیٰ برجیش پاٹھک نے کہا کہ کوئی بھی پارٹی لڑائی میں نہیں ہے۔ عوام کی حمایت ذات، دھرم، فرقہ سے اوپر اٹھ کر بھاجپا کو مل رہی ہے۔ مسٹر پاٹھک نے کہا کہ امیٹھی ہم پہلے ہی جیت چکے ہیں، رائے بریلی بھی جیتیں گے۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ ریاست کی 80 کی 80 سیٹیں بھاجپا جیتے گی۔ مسٹر پاٹھک نے کہا کہ اپوزیشن اتحاد پہلے مرحلے میں مغربی اترپردیش میں ایک بھی مشترکہ ریلی نہیں کرسکا۔ اس نے اپنی شکست تسلیم کرلی۔ ان کے حامیوں میں مایوسی ہے۔ انھوں نے پورے اعتماد سے کہا کہ بھاجپا مغربی اترپردیش کے پہلے و دوسرے مرحلے کی سبھی 16 سیٹوں پر جیت حاصل کرے گی۔ ریاست کے کابینی وزیر ڈاکٹر سنجے نشاد پر گزشتہ دنوں ہوئے حملے پر پوچھے جانے پر مسٹر پاٹھک نے کہا کہ حملہ آوروں کو نشان زد کیا جارہا ہے، قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ قیصر گنج پارلیمانی امیدوار کے سلسلے میں پوچھے گئے سوال پر کہا کہ انتظار کیجئے۔

صحافیوں سے گفتگو سے قبل ریاست کے نائب وزیراعلیٰ برجیش پاٹھک نے چھاؤنی واقع ملھو بابا کی رہائش گاہ کے سامنے منعقد آنند گونڈ کے نامزدگی جلوس میں شامل ہونے آئے پارٹی کارکنوں وحامیوں کے منعقد جلسے کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھاجپا حکومت میں غنڈے و مافیا جیل میں ہیں یا ریاست سے باہر ہیں۔

انھوں نے سماج وادی پارٹی پر نشانہ لگاتے ہوئے کہا کہ سابقہ حکومتوں میں بہن بیٹیوں کا سڑک پر نکلنا مشکل ہوتا تھا۔ سپا کے لوگ خالی پلاٹ پر اپنا جھنڈا لگا کر قبضہ کرلیتے تھے۔ وہ نعرہ لگاتے تھے کہ گاڑی میں جتنا بڑا جھنڈا گاڑی کے اندر اتنا بڑا غنڈہ، یہ آج سب غائب ہیں۔ نائب وزیراعلیٰ نے لوگوں سے بھاجپا امیدوار کو ریکارڈ ووٹوں سے جتانے کی اپیل کی۔ نامزدگی کے بعد بھاجپا امیدوار آنند گونڈ نے روڈ شو نکال کر عوام سے ووٹ دینے کی اپیل کی۔ نامزدگی جلوس چھاؤنی سے گھنٹہ گھر، پیپل سہ راہا، گرودوارہ، کچہری روڈ ہوتا ہوا کلکٹریٹ پہنچا۔ روڈ شو کے دوران تاجروں اور دوسرے لوگوں نے بھاجپا امیدوار کا جگہ جگہ پھول مالاؤں کے ساتھ خیرمقدم کیا۔ روڈ شو کے دوران ممبر پارلیمنٹ اکشے ور لال گونڈ، مہسی ممبر اسمبلی سریشور سنگھ، نانپارہ ممبر اسمبلی رام نواس ورما، پیاگ پور ممبر اسمبلی سبھاش ترپاٹھی، بھاجپا ضلع صدر برجیش پانڈے، شیام کرن ٹیکریوال، راہل رائے، رام کشور گپتا، انکت سنگھ، نشنک ترپاٹھی سمیت ہزاروں کارکنان شامل رہے۔

وجیندر قتل کیس کے تینوں ملزمان گرفتار

مقتول کی بیوی نے خسر، ساس اور نند کے خلاف قائم کرایا تھا مقدمہ

لکھیم پور کھیری (ایس این بی)

پولیس نے گنیش پور گرنٹ کے وجیندر قتل کیس کے تینوں ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے- وجیندر کی بیوی نیلم نے اتوار کی دیر شام خسر، ساس اور نند کے خلاف شوہر کو قتل کر کے لاش غائب کرنے کا مقدمہ قائم کرایا تھا-

معلوم ہو کہ تھانہ متولی حلقہ کے موضع گنیش پور گرنٹ میں رہنے والی نیلم دیوی نے قائم کرائے گئے مقدمے میں بتایا تھا کہ وجیندر کے ساتھ اس کی شادی کے بعد اس کے خسر رام پچھتر نے اسے واس کے شوہر کو الگ کردیا تھا اور رہنے کے لیے مکان میں ایک کمرہ دے دیا تھا- اسی میں وہ شوہر اور بچوں کے ساتھ رہتی تھی- جب اس کا شوہر اپنے باپ سے کھیتی اور مکان بنانے کے لیے زمین مانگتا تھا تو وہ جھگڑا کرتے تھے- اکثر مار پیٹ بھی ہوتی تھی- نیلم کے مطابق ہولی کے دوران اس کے شوہر کے ساتھ مار پیٹ کی گئی تھی اس لیے وہ بچوں کو لے کر اپنے مائیکہ پھول چند پوروہ شاردا نگر چلی گئی تھی- اس کے بعد اس کا شوہر پراسرار طور سے غائب ہوگیا تھا- نیلم کا کہنا ہے کہ اس کے شوہر کو اس کے خسر، ساس اور نند نے قتل کرنے کے بعد اس کی لاش کو غائب کردیا تھا- پولیس نے دیر شام اس معاملے میں مقتول کے ماں باپ اور بہن کے خلاف دفعہ 302 / 201 / 34 کے تحت مقدمہ قائم کیا تھا- تھانہ انچارج راجو راؤ نے بتایا کہ ملزم رام پچھتر کو کستہ چوراہے پر لکھیم پور شاہراہ پر نہر کے قریب گرفتار کرلیا گیا ہے- وہ بھاگنے کی کوشش کررہا تھا- اس سے پوچھ گچھ کی جارہی ہے- وہیں مقتول کی ماں دلاری دیوی اور بہن سونی دیوی کو بھی گرفتار کرلیا گیا ہے- ملزمان نے وجیندر کو گلا دبا کر قتل کرنے اور لاش کو جلانے کا اعتراف کرلیا ہے- تھانہ انچارج راجو راؤ نے بتایا کہ وجیندر واقعہ قتل کے کلیدی ملزم رام پچھتر کا پہلے سے ہی مجرمانہ ریکارڈ رہا ہے- اس کے خلاف تھانہ متولی میں متعدد سنگین دفعات کے تحت نصف درجن مقدمے قائم ہیں-

نالے کے پاس رفع حاجت کیلئے گئے لڑکے پر مگرمچھ کا حملہ

بہرائچ (ایس این بی) ضلع کی سرحد پر واقع موضع رامپور ریتیا ساکن 17 سالہ رام مورتی ولد منا کے گاؤں میں ہورہی پوجا میں شرکت کرنے گیا تھا۔ اس دوران پاس میں ہی موجود نالے کے پاس رفع حاجت کیلئے چلا گیا۔ اسی دوران نالے سے باہر نکل کر آئے مگرمچھ نے اس پر اچانک حملہ کردیا اور لڑکے کو کھینچتے ہوئے نالے میں لے کر چلا گیا۔ اس دوران لڑکے نے کافی دیر تک خود جدوجہد کرکے اپنی جان بچائی اور اپنے گھروالوں کو مطلع کیا۔

لڑکے کے گھروالوں نے فوراً اطلاع جنگلات ملازمین کے ساتھ ساتھ ایمبولنس 108 کو دی۔ اطلاع پاکر ایمبولنس نمبر یوپی 32 ای جی 4652 کے ڈرائیور شریف غازی ای ایم ٹی موہن لال گنج موقع پر پہنچے۔ جائے وقوع پر ائمری صحت مرکز سجولی سے تقریباً 15 کلومیٹر کی دوری پر تھا۔ اس دوران ای ایم ٹی موہن لال گنج نے ایمبولنس کے اندر ہی زخمی لڑکے کا علاج کیا۔ وہیں بہرائچ کے ضلع منیجر سدھیر منی ترپاٹھی اور ضلع انچارج انوپم مشرا نے ایمبولنس ملازمین کی ستائش کی ہے۔ لڑکے کو فوراً پرائمری صحت مرکز سجولی لے جایا گیا جہاں ڈاکٹر آشیش گپتا کے ساتھ متعلقہ ملازمین موجود رہے۔ شدید طور پر زخمی 17 سالہ لڑکے رام مورتی کو علاج کیلئے کمیونٹی صحت مرکز موتی پور لے جایا گیا ہے۔ مگرمچھ کے حملے میں لڑکے کا پاؤں زخمی ہوا ہے۔ اطلاع پاکر دھورہرا رینج کے جنگلات داروغہ بشن کمار، رینجر موہت کمار وجواہر موقع پر پہنچے۔

دھورہرا پارلیمانی سیٹ کیلئے 3 امیدواروں کے پرچہ داخل

کھیری پارلیمانی سیٹ کیلئے آزاد امیدوار نے داخل کیا پرچۂ نامزدگی

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) ضلع میں 13 مئی کو ہونے والے الیکشن کے سلسلے میں آج منگل کو پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کے پانچویں دن دھورہرا پارلیمانی سیٹ کے لیے سماج وادی پارٹی کے امیدوار آنند بھدوریا نے 2 سیٹ داخل کیے- اس کے علاوہ بی جے پی سے موجودہ ایم پی ریکھا ورما نے ایک سیٹ داخل کیا- پولیٹیکل جسٹس پارٹی سے راجیش کمار اور عام جنتا پارٹی (انڈیا) سے آشوتوش پاٹھک نے ایک ایک سیٹ داخل کیا ہے- وہیں کھیری پارلیمانی سیٹ کے لیے آزاد امیدوار نریش سنگھ بھدوریا نے ایک بار پھر اپنا پرچہ داخل کیا ہے- معلوم ہو کہ نامزدگی کے عمل کے دوران ماحول پرامن بنائے رکھنے کے لیے کلکٹریٹ میں کثیر تعداد میں پولیس فورس تعینات رہا- صبح 11 بجے سے 3 بجے تک پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کا عمل جاری رہا- پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 25/اپریل ہے-

بیوی کو سسرال سے رخصت کرانے آئے شخص کی پٹائی

بہرائچ (ایس این بی) سسرال آئے شخص کی برادران نسبتی وساس نے جم کر پٹائی کردی جس کے سبب اس کے سر وجسم پر شدید چوٹیں آگئیں اور وہ موت وزیست کی کشمکش میں مبتلا ہے۔ بیوی کی وداعی کے سلسلے میں کہاسنی کے دوران واردات ہوئی۔ گھر والے اس کو لے کر میڈیکل کالج آئے۔ ڈاکٹروں نے اس کی حالت نازک دیکھ کر آناً فاناً بھرتی کر کے علاج شروع کردیا ہے۔ شراوستی ضلع کے سرسیا تھانے کے بنکٹوا ساکن للت ولد سریشور اپنی سسرال درگاہ تھانے کے چوتو پوروہ میں اپنی بیوی کو لینے آیا ہوا تھا۔ سسرال والے اسے نہیں بھیجنا چاہتے تھے جبکہ سریشور بیوی کی وداعی پر بضد تھا۔ اسی وجہ سے تنازعہ بڑھ گیا جس کے بعد سریشور کو برادران نسبتی اور ساس نے ڈنڈوں ولات گھونسوں سے جم کر پیٹا جس کے سبب اس کے سر وجسم پر شدید چوٹیں آگئیں۔ ایس ایچ او ہریندر کمار مشرا نے بتایا کہ تحریر ملنے پر مقدمہ درج کیا جائے گا۔

ٹرک کی ٹکر سے بائک سوار کی موت

بہرائچ (ایس این بی) پروانی گوڑھی-نینہا منڈی کے درمیان پیر کی رات تیز رفتار گاڑی نے بائک میں ٹکر ماردی جس کے سبب بائک سوار نوجوان شدید طور سے زخمی ہوگیا۔ حادثہ ہوتے ہی ڈرائیور گاڑی سمیت فرار ہوگیا۔ پولیس نے زخمی کو موتی پور سی ایچ سی بھیجا۔ علاج کے دوران زخمی کی موت ہوگئی۔ پولیس نے لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کیلئے مرچری میں رکھوایا ہے۔ موتی پور تھانے کے پیٹرہا ساکن 32 سالہ نندلال یادو ولد مشری لال یادو پیر کی رات بائک سے مہی پوروہ بازار سامان لینے کیلئے آرہے تھے۔ پروانی گوڑھی-نینہا منڈی کے درمیان مخالف سمت سے آرہے تیز رفتار بے قابو ٹرک نے بائک میں ٹکر ماردی جس کے سبب بائک سوار شدید طور پر زخمی ہوگیا۔ اطلاع ملتے ہی پہنچی پولیس نے لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کیلئے مرچری میں رکھوایا ہے۔

نشہ آور پاؤڈر کے ساتھ ڈرگس کنگ سمیت 2 گرفتار

پولیس نے پوچھ گچھ کے بعد مقدمہ قائم کرکے جیل بھیج دیا

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) پلیا پولیس نے کثیر مقدار میں نشہ آور پاؤڈر کے ساتھ ڈرگس کنگ سمیت 2 افراد کو گرفتار کیا ہے- گرفتار ملزمان پر پولیس کافی دنوں سے نظریں جمائے ہوئے تھی- پولیس نے ملزمان سے پوچھ گچھ کے بعد ان کے خلاف مقدمہ قائم کر کے چالان بھیج دیا ہے-

معلوم ہو کہ ان دنوں پلیا شہر میں اسمیک اور براؤن شوگر کا کاروبار خوب پھول پھل رہا ہے- کثیر تعداد میں نوجوان اس کاروبار میں ملوث بتائے جاتے ہیں- اب اس دھندے میں کئی خواتین نے بھی قدم رکھ دیا ہے- غیر قانونی کاروبار میں ملوث ملزمان پر پولیس مسلسل نظریں جمائے ہوئے تھی لیکن انھیں رنگے ہاتھوں گرفتار کرنے میں کامیابی نہیں مل پا رہی تھی- آج منگل کو کوتوالی پولیس کو آخر کار بڑی کامیابی ہاتھ لگ گئی- پولیس نے طویل عرصہ سے منشیات کا کاروبار کرنے والے ملزم انکت مالیا عرف ڈرگس کنگ ولد سچن گپتا ساکن محلّہ بازار (اول) اور اس کے ساتھی وکی گپتا عرف وکی نیپالی ولد بھیولال گپتا ساکن محلّہ سنگھیا کو 390 گرام نشہ آور پاؤڈر کے ساتھ گرفتار کرلیا- ملزمان کے پاس سے پولیس کو 2 آئی فون- 14،16 ہزار روپے انڈین کرنسی اور 19300 روپے نیپالی کرنسی برآمد ہوئی ہے- پلیا کے کوتوال وویک اپادھیائے نے بتایا کہ ملزمان سے پوچھ گچھ کے بعد ان کے خلاف مقدمہ قائم کرکے چالان بھیج دیا گیا ہے- انھوں نے بتایا کہ گرفتار ملزمان پر اس سے قبل بھی مقدمے قائم ہیں-

مودی کی قیادت میں ملک کا وقار بڑھا

بھاجپا امیدوار کا درجنوں مواضعات میں عوامی رابطہ

بریلی (ایس این بی)

بریلی پارلیمانی حلقہ کے بھاجپا امیدوار چھترپال گنگوار نے آج منگل کو تحصیل میرگنج علاقہ کے درجنوں مواضعات اور شہری علاقہ کے وارڈ نمبر 33 و 65 میں عوامی رابطہ کرکے لوگوں سے ووٹ مانگے اور موجودہ مرکزی و ریاستی حکومتوں کی کارگزاریوں سے لوگوں کو روشناس کرایا۔

میرگنج علاقہ میں عوامی رابطہ کے دوران بھاجپا امیدوار چھترپال گنگوار نے کہا کہ مودی جی کی قیادت میں ملک کا وقار پوری دنیا میں بڑھا ہے۔ مرکزی حکومت نے بلاتفریق غریبوں کو مکان، بیت الخلاء، مفت اناج، پکوان گیس کے کنکشن اور آیوشمان کارڈ مہیا کرائے ہیں اس لئے ملک کو مزید ترقیوں سے ہمکنار کرانے کیلئے بھارتیہ جنتا پارٹی کو ہی ووٹ دیں۔ بھاجپا کے امیدوار نے جوگی نوادہ، سریش شرما نگر وغیرہ علاقوں میں بھی عوامی رابطہ کرکے بھاجپا کو ووٹ دینے کی اپیل کی۔ اس موقع پر ریاستی وزیر جنگلات ڈاکٹر ارون کمار، گلشن آنند، پشپیندر شرما، انل سکسینہ، وشنو اگروال، بنٹی ٹھاکر وغیرہ بھی ان کے ساتھ رہے۔

الیکشن کمیشن کی ہدایات پر پوری طرح عمل کریں

ڈی ایم اور ایس پی کی سیاسی پارٹیوں کے عہدیداروں کے ساتھ میٹنگ

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) پارلیمانی الیکشن کو غیر جانبدارانہ اور پرامن ماحول میں مکمل کرانے کے لیے ضلع الیکشن افسر/ضلع مجسٹریٹ مہندر بہادر سنگھ اور ایس پی گنیش پرساد ساہا نے سیاسی پارٹیوں کے عہدیداروں کے ساتھ میٹنگ کی اور ضروری ہدایات سے واقف کرایا- میٹنگ کی نظامت چیف ترقیاتی افسر انل کمار سنگھ نے کی-

ضلع الیکشن افسر مہندر بہادر سنگھ نے کہا کہ الیکشن کو غیر جانبدارانہ اور پرامن ماحول میں مکمل کرانے کے لیے ہم سبھی کی ذمہ داری ہے کہ قومی الیکشن کمیشن کی ہدایات پر پوری طرح عمل کریں اور اپنی ذمہ داری نبھائیں تاکہ کسی کے اوپر کوئی الزام عائد نہ ہو اور ووٹنگ کی شفافیت بھی بنی رہے- انھوں نے کہا کہ پوسٹل بیلٹ کے لیے تربیت گاہ پر اسمبلی حلقہ وار فیسی لیٹیشن سنٹر بنائے گئے ہیں- جن اہلکاروں کی ڈیوٹی اس کے پارلیمانی حلقہ سے باہر ہوگی انھیں پوسٹل بیلٹ دیا جائے گا- وہیں جن اہلکاروں کی ڈیوٹی اپنے پارلیمانی حلقہ کے کسی بھی پولنگ سنٹر پر لگی ہے ان اہلکار کو تربیت گاہ سے 12 اے پروفارما جاری ہوگا جسے پُر کر کے اہلکار ای ڈی سی حاصل کریں گے تاکہ ووٹنگ کے دن وہ اپنی ڈیوٹی گاہ پر ای وی ایم سے حق رائے دہی کا استعمال کرسکیں- چیف ترقیاتی افسر نے بتایا کہ 28/اپریل کو ضلع انفارمیشن سائنس سنٹر کے ویڈیو کانفرنسنگ روم میں اہلکاروں کا سیکنڈ رینڈمائزیشن ہوگا- 2 مئی سے اہلکاروں کی دوسری ٹریننگ شروع ہوگی- انھوں نے سبھی سے امید کی کہ ووٹروں کو اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرنے کے لیے بیدار کریں تاکہ ووٹنگ فیصد میں زیادہ سے زیادہ اضافہ ہوسکے- ڈپٹی ڈی ای او اے ڈی ایم سنجے کمار سنگھ نے کہا کہ ریلی و جلوس وغیرہ پروگراموں کے لیے مقررہ وقت سے ہی درخواست دیں تاکہ اس کی اجازت وقت کے اندر دی جاسکے- الیکشن سے متعلق کوئی بھی کام بغیر اجازت کے نہ کیا جائے تاکہ کوئی مسئلہ نہ پیدا ہو-

اسکول بس میں ٹریکٹر ٹرالی نے ماری ٹکر

درجہ 10 کے طالب علم کی موت

پیاگ پور، بہرائچ (ایس این بی) سینٹ نار برٹ اسکول کے طلباء کو آج منگل کی دوپہر میکس گاڑی لے جارہی تھی۔ گونڈہ- بہرائچ روڈ پر نگرور کے پاس میکس گاڑی میں ٹریکٹر ٹرالی نے ٹکر ماردی جس سے درجہ 10 کے طالب علم کی موت ہوگئی جبکہ دیگر طلباء بال بال بچ گئے۔ گھر والے بغیر پوسٹ مارٹم کے لاش لے کر چلے گئے۔

کوتوالی دیہات کے گونڈہ روڈ پر سی بی ایس ای بورڈ کا سینٹ نار برٹ اسکول ہے۔ اس اسکول میں ضلع کے مختلف علاقوں کے طلباء و طالبات تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ آج منگل کو چھٹی ہونے کے بعد اسکول کے طلباء میکس گاڑی سے اپنے اپنے گھر جارہے تھے۔ کوتوالی دیہات کے گونڈہ- بہرائچ روڈ پر موضع نگرور کے پاس میکس گاڑی پہنچی تبھی گونڈہ کی جانب سے آرہی بے قابو ٹریکٹر ٹرالی نے گاڑی میں ٹکر ماردی جس سے گاڑی میں موجود بچوں میں افراتفری مچ گئی۔ حادثے میں پیاگ پور تھانہ حلقہ کے بھوپ گنج بازار ساکن درجہ 10 سی کا طالب علم آتسو شکلا (14) ولد آنند شکلا شدید طور پر زخمی ہوگیا۔ اس کا سر پھٹ گیا۔ اسے ایمبولنس سے ضلع اسپتال لایا گیا جہاں ڈاکٹر نے اسے مردہ قرار دے دیا جبکہ گاڑی ڈرائیور موضع سترہی ساکن لال جی سمیت دیگر بچے بال بال بچ گئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ضلع اسپتال میں اسکول کے فادر پرکاش، چوکی انچارج سنجے گوتم سمیت دیگر لوگ پہنچے۔ گھر کے لوگوں نے لاش کا پوسٹ مارٹم کرانے سے انکار کردیا اور سبھی روتے ہوئے لاش لے کر چلے گئے۔

’عدالت میں مقدمہ کیسے دائر کریں‘ موضوع پر لکچر

الٰہ آباد ہائی کورٹ کے سبکدوش جج ایس ایچ اے رضوی نے قانونی جانکاری دی

آئی پی سنگھ یادو विधि व्याख्यान माला

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) آئی پی سنگھ قانونی لکچر سلسلے کے تحت آج منگل کو الہ آباد ہائی کورٹ کے سبکدوش جج ایس ایچ اے رضوی نے ''عدالت میں مقدمہ کیسے دائر کریں'' موضوع پر لکچر دیتے ہوئے قانونی جانکاری دی۔

ضلع بار کونسل کے صدر اودھیش کمار سنگھ، جنرل سکریٹری وشواس شریواستو، سابق صدر امیش پرتاپ سنگھ، یوگیش سکسینہ، راکیش کمار مشرا، سینئر وکیل محمد سعید خاں ایڈووکیٹ سمیت مجلس عاملہ کے سبھی عہدیداروں نے سبکدوش جج ایس ایچ اے رضوی، ضلع جج لکشمی کانت شکلا اور اے ڈی جے رامیندر کمار کی گلپوشی کی۔ بطور مہمان خصوصی ایس ایچ اے رضوی نے قانونی جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ دعویٰ تیار کرتے وقت سبھی حقائق کا ذکر کریں۔ دعویٰ تیار کرنے کے دوران اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ حقائق میں تضاد نہ ہو۔ دعویٰ کے ساتھ حلف نامہ میں قانونی پہلوؤں کو شامل کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ کاؤنٹر آرگومنٹ (تحریری اعتراض) میں بھی دعویٰ کے کن حقائق کو منظور کرنا اور کن حقائق سے انکار کرنا ہے یہ دیکھ لیں اور اپنے دعوے کی بنیاد کا خصوصی ذکر کریں۔ گواہی و جرح کرنے کے دوران مشتعل نہ ہوں۔ اپنے مخالف وکیل کے وقار کا خیال رکھیں۔ انھوں نے کہا کہ جونیئر وکیل کو کم از کم 3 سال تک سینئر وکیل کے ساتھ رہ کر وکالت سیکھنی چاہئے۔ سبکدوش جج ایس ایچ اے رضوی لکھیم پور میں 2 مرتبہ بطور جوڈیشیل افسر کام کرچکے ہیں۔ انھوں نے لکھیم پور کو اپنا گھر بتایا۔ لکچر سیریز کے کنوینر سینئر وکیل ششانک یادو نے ایس ایچ اے رضوی کو یادگاری نشان پیش کیا۔ بار کونسل کے صدر اودھیش کمار سنگھ نے سبھی کا شکریہ ادا کیا۔

50 ہزار روپے چھین کر بدمعاش فرار

دیوبند (ایس این بی) بینک سے پچاس ہزار روپے نکال کر اپنے گاؤں جارہے دیہی شخص سے ایک بدمعاش چھین لی۔ متاثرہ نے پولیس میں شکایت درج کراتے ہوئے کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ دیوبند علاقہ کے میگھ راج پور گاؤں کے رہنے والے رتن سنگھ نے تھانے میں دی گئی شکایت میں بتایا کہ منگل کو اس نے ریلوے روڈ پر واقع ایس بی آئی برانچ سے 50 ہزار روپے نکالے تھے۔ پیسے تھیلے میں رکھ کر وہ گاؤں جانے لگا۔ جیسے ہی وہ رنکھنڈی ریلوے پھاٹک کے قریب پہنچا تو پیچھے سے آنے والے موٹر سائیکل سوار بدمعاش نے اس سے بیگ چھین لیا اور فرار ہوگیا۔

پھوس کے مڑہا میں آتشزدگی سے لاکھوں روپئے کا نقصان

بہرائچ (ایس این بی)

پیاگ پور ترقیاتی بلاک کے موضع جمونہی چرنیا کوٹ میں آج منگل کی دوپہر نامعلوم اسباب سے آگ لگ گئی۔ 3 دیہی عوام کے پھوس کے مکان پوری طرح جل کر راکھ ہوگئے۔ محکمہ فائر بریگیڈ کی ٹیم نے دیہی عوام کی مدد سے آگ بجھائی۔

پیاگ پور تھانہ حلقہ کے تحت موضع جمونہی چرنیا کوٹ میں آج منگل کی دوپہر کو لوگ اپنے اپنے گھروں میں آرام کررہے تھے۔ دوپہر تقریباً ایک بجے نامعلوم اسباب سے گاؤں ساکن ہزاری لال ولد ڈھونڑھے، سنتوش کمار ولد اجودھیا پرساد اور پرہلاد ولد پرسادی کے گھر و چھپر میں آگ لگ گئی جس کی اطلاع ملتے ہی موقع پر پہنچی پولیس فورس، فائر بریگیڈ ٹیم اور دیہی عوام کی مدد سے آگ پر قابو پایا گیا۔ آگ لگنے سے گھر میں رکھا اناج و دیگر گھریلو سامان جل گیا۔ 2 لاکھ سے زیادہ کا نقصان ہوا ہے۔ دیہی عوام کے مطابق اناج، کپڑا، برتن سمیت دیگر سامان جل گیا ہے اور سبھی کھلے آسمان کے نیچے رہنے پر مجبور ہیں۔ دوسری طرف آگ لگنے کی اطلاع ریونیو ٹیم کو دے دی گئی ہے۔ ایس ڈی ایم دنیش کمار نے بتایا کہ کارروائی کی جارہی ہے۔